فوری ریلیز کے لیے: 12/5/2023 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے حیواناتی پناہ گاہوں میں بہتری کے اقدامات کرنے کے لیے 7.6$ ملین ایوارڈ کرنے کا اعلان کیا ہے***

***اس فنڈنگ سے نیویارک کی حیواناتی پناہ گاہوں میں تعمیر، تزئین و آرائش اور توسیعی پروجیکٹس میں معاونت کی جائے گی جو جانوروں کی نگہداشت اور صحت کو بہتر بناتے ہیں***

***2017 سے لے کر اب تک 33$ ملین سے زیادہ کی رقم ریاست کے دوست حیواناتی سرمایہ کاری فنڈ کے لیے مختص کی جا چکی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیویارک کے دوست حیواناتی سرمایہ جاتی فنڈ کے ذریعے ریاست بھر میں 21 حیواناتی پناہ گاہوں اور رحمدل سوسائٹیز کو تقریباً 7.6$ ملین فراہم کیے جائیں گے، جس کا پانچواں راؤنڈ چل رہا ہے۔ اس فنڈنگ سے تعمیر، تزئین و آرائش اور توسیعی پروجیکٹس میں معاونت ملے گی جو جانوروں کی نگہداشت اور صحت میں بہتری لائیں گے اور نیویارک کے کتوں اور بلیوں کو گود لینے کے عمل کو یقینی بنانے میں مدد حاصل ہو گی۔ جانوروں کی پناہ گاہوں کے لیے سرمایہ کاری کے پروجیکٹس کی فنڈنگ کرنے والے ملک میں پہلے کے طور پر، ریاست نیویارک کی جانب سے جو پناہ گزین کتے اور بلیاں گود لیے جانے کے منتظر ہوں، ان کے لیے محفوظ رہائش کے حصول اور نگہداشت کے لیے اپنی وابستگی کا مسلسل اظہار کیا جا رہا ہے۔

"ریاست بھر میں پناہ گاہوں اور رحمدل سوسائٹیز کی جانب سے اپنے نئے خاندانوں اور مستقل گھروں کے منتظر کتوں اور بلیوں کو بنیادی نگہداشت فراہم کی جاتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست نیویارک کے دوست حیواناتی سرمایہ جاتی فنڈ سے ہماری پناہ گاہوں اور رحمدل سوسائٹیز، اور ان کی نگہداشت میں موجود جانوروں کے لیے ایک حقیقی فرق پیدا کیا جا رہا ہے، جو جانوروں کی بہتر نگہداشت کے لیے اہم اپ گریڈ کرنے میں مدد کر رہا ہے اور ان کی نگہداشت کرنے والے عملے اور رضاکاروں کے لیے بہت زیادہ مدد فراہم کر رہا ہے۔"

محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets) کے زیر انتظام، 2017 میں دوست حیواناتی سرمایہ جاتی فنڈ پروگرام کے اجراء سے لے کر اب تک، ریاست کی جانب سے اس پروگرام کے لیے 33$ ملین کی رقم مختص کی جا چکی ہے، جس میں اس سال کے بجٹ میں مختص کردہ فنڈز شامل ہیں۔ تفویض کردہ فنڈنگ کے پانچویں راؤنڈ میں سابقہ اقدامات کی بنیاد پر فنڈ دیئے گئے ہیں تاکہ ریاست نیویارک کی حیواناتی پناہ گاہوں کے زیرِ انتظام سرمایہ جاتی پروجیکٹس سے وابستہ اخراجات کو پورا کیا جا سکے جیسے کتے کے کینلز کی جدت آمیزی، طبی سہولیات میں بہتری، یا مجموعی آپریشنل اخراجات کو کم کرنے کے لیے زیادہ مؤثر پناہ گاہیں تعمیر کرنا۔ رواں سال فنڈ کردہ پروجیکٹس میں اضافی بلیوں کے رہنے کے لیے نئی جگہیں، نئے طبی سہولتی مراکز، نئے بیرونی مقامات اور اضافی کینلز شامل کرنے کے لیے پناہ گاہوں کی تجدید شامل ہے۔

ضرورت کے ایک جائزے، پروجیکٹ کی تفصیلی وضاحت، اور خرچ کی معقولیت کی بنیاد پر پناہ گاہوں کو مسابقتی گرانٹس نوازی گئی ہیں۔ پروگرام کے اس راؤنڈ میں درج ذیل پناہ گاہوں کو رقم تفویض کی گئی ہے:

**دارالحکومت کا علاقہ**

- *البانی کاؤنٹی شیرف کا دفتر* (البانی، البانی کاؤنٹی): موہاک ہڈسن رحمدل سوسائٹی کے ساتھ شراکت داری میں جانوروں کی ایک معاون پناہ گاہ بنانے کے لیے $500,000۔
- *سٹی آف* سکینیکٹیڈی (سکینیکٹیڈی، سکینیکٹیڈی کاونٹی): اپ ڈیٹ شدہ زیادہ بڑے کینلز کے لیے $200,000۔

**نیو یارک سٹی**

- *حیوانی نگہداشت اور کنٹرول NYC* (مینہیٹن، نیویارک کاؤنٹی): اپنے نئے پناہ گاہ نظام کو اپ ڈیٹ کرنے والے آلات، نئے کینل ٹاپس کی تنصیب، ایک نیا واشر اور ڈرائر، اور ایک پرانے واٹر ہیٹر کی تبدیلی کے لیے $143,175۔
- *بروکلین برج حیوانی فلاح اتحاد* (بروکلین ہائٹس، کنگز کاؤنٹی): پناہ گاہ کی توسیع، صحت اور مطابقت کے لیے وقف کردہ بلیوں کے وارڈز کا ڈیزائن تیار کرنے، کھڑکیوں کی تنصیب، اور ایک مکمل خدمت والے طبی سویٹ کی تخلیق کے لیے $164,719.67۔

**موہاک ویلی**

- *شوہاری ویلی کی حیوانی پناہ گاہ* (ہویز کیو، شوہاری کاؤنٹی): میڈیکل سویٹ کی تزئین و آرائش اور چھت کی تزئین و آرائش کے لیے $500,000۔

**جنوبی سلسلہ**

- *بروم کاؤنٹی رحمدل سوسائٹی* (بنگھیمٹن، بروم کاؤنٹی): بلیوں کی رہائش اور کتوں کے کینل کے ڈیزائن کو بہتر بنانے کے لیے، اور ایک جنریٹر اور ایک گرومنگ بیسن حاصل کرنے کے لیے $110,879۔

**فنگر لیکس**

- *فنگر لیکس SPCA آف CNY* (آبرن، کایوگا کاؤنٹی): HVAC نظام سمیت ایک نئی سہولت گاہ کے ڈیزائن کے لیے $482,491.50۔
- *H.S. آف راچسٹر (لالی پاپ)* (فیئر پورٹ، مونرو کاؤنٹی): کینلز کو دوبارہ ڈیزائن کرنے، جانوروں کی گنجائش بڑھانے اور آئسولیشن وارڈ کو بڑھانے کے لیے $500,000۔
- وائین کو۔ رحمدل *سوسائٹی* (لائنز، وائین کاؤنٹی): ایک نئے HVAC سمیت ایک نئی اور اپ ڈیٹ شدہ پناہ گاہ کی سہولت گاہ کے لیے $500,000۔
- *وائیومنگ کو۔* (وارسا، وائیومنگ کاونٹی): سہولت گاہ کے ڈیزائن کو بہتر بنانے، مکینیکل آلات کو اپ گریڈ کرنے، اور بیرونی تفریحی جگہ فراہم کرنے کے لیے $318,318۔
- *وائیومنگ کمپنی SPCA* (اٹیکا، وائیومنگ کاؤنٹی): چھت کی تبدیلی، ڈرائیو وے اور پارکنگ ایریا کی مرمت، بلیوں کے پنجرے حاصل کرنے اور ریکارڈ رکھنے کی ٹیکنالوجی کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے $62,825.89۔

**ہڈسن ویلی**

- *ہڈسن ویلی SPCA* (پومونا، راک لینڈ کاؤنٹی): کتوں کے کینلز کو اپ گریڈ کرنے، بلیوں کے علاقوں کو تبدیل کرنے اور جانوروں کی گنجائش بڑھانے کے لیے $200,000۔

- *ہڈسن ویلی حیوانی ریسکیو اور سینکچیوری* (پوکیپسی، ڈچس کاؤنٹی): قرنطینہ کے علاقے سمیت، جانوروں کی گنجائش بڑھانے کے لیے $398,495-

**نارتھ کنٹری**

- *جیفرسن کمپنی SPCA* (واٹر ٹاؤن، جیفرسن کاؤنٹی): پناہ گاہ کے سائز کو بڑھانے اور نیا HVAC نظام حاصل کرنے کے لیے $200,000-
- *پوٹسڈیم رحمدل سوسائٹی* (پوٹسڈیم، سینٹ لارنس کاؤنٹی): لانڈری روم، پنجروں، گرمائش، اور فرش کی تزئین و آرائش سمیت رہائش اور ماحولیاتی بہتریوں کے لیے $100,067-
- *لوئیس کمپنی ہیومین سوسائٹی* (لووائیل، لوئیس کاؤنٹی): نئے HVAC نظام، لانڈری کرنے کے نئے آلات، بلیوں کے آئسولیشن کمرے بنانے، اور تباہ حال پناہ گاہوں کو مرمت اور اپ ڈیٹ کرنے کے لیے $500,000-

**لانگ آئی لینڈ**

- *ٹاؤن آف اویسٹر بے* (اویسٹر بے، نساؤ کاؤنٹی)- پناہ گاہ کی تزئین و آرائش اور نئے HVAC نظام کے لیے $200,000-
- *ٹاؤن آف نارتھ ہیمپسٹیڈ* (مین ہیسیٹ، نساؤ کاؤنٹی) - نئے HVAC نظام کے لیے $200,000-
- *آڈا ہو کینٹ میموریل شیلٹر* (کیلورٹن، سافک کاؤنٹی): کتوں اور بلیوں کے لیے نئے کینلز سمیت، آئسولیشن کے علاقے کے ساتھ نئی پناہ گاہ والی سہولت گاہ کے لیے $200,000-
- *پائنیرز برائے حیوانی بہبود سوسائٹی* (ہکس وائیل، نساؤ کاؤنٹی): نئی سہولت گاہ کی پیشگی ادائیگی کے لیے $200,000-

**مغربی نیو یارک**

- *ایری کاؤنٹی SPCA* (ڈبلیو سینیکا، ایری کاؤنٹی): کینلز اور ورزش کی بیرونی جگہ کو بہتر بنانے، بلیوں کی بحالی اور نرسری کے علاقے کی تزئین و آرائش، نئے HVAC نظام اور سیکیورٹی نظام حاصل کرنے کے لیے $200,000-

**ریاست نیویارک کے ریاستی کمشنر Richard Ball نے کہا،** "جانوروں کی پناہ گاہیں، محض ایک پناہ گاہ سے کہیں بڑھ کر بہت کچھ فراہم کرتی ہیں؛ جس میں ضروری طبی نگہداشت کی پیشکش سے لے کر روزمرہ توانائی کی سرگرمیاں شامل ہیں، جہاں ریاست بھر میں رحمدل سوسائٹیز، پناہ گاہوں اور SPCAs میں محنتی عملہ انتھک محنت کرتا ہے تاکہ جب کتے اور بلیاں اپنے مستقل خاندانوں کی جانب سے گود لیے جانے کا انتظار کر رہے ہوں تو انہیں بہترین نگہداشت فراہم کی جائے۔ گزشتہ کچھ سالوں میں، ہم نے دیکھا ہے کہ دوست حیواناتی سرمایہ جاتی فنڈ کی جانب سے اہم اپ گریڈز اور پروجیکٹس کو فنڈز دیئے جاتے ہیں جس کا مطلب ہے نیویارک کے جانوروں کی بہتر نگہداشت کی جا رہی ہے۔ ہم اس تازہ ترین راؤنڈ کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس کر رہے ہیں، جو ان کامیابیوں پر منحصر ہو گا جو ہم اب تک دیکھ چکے ہیں۔"

**نیویارک حیواناتی تحفظ فیڈریشن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Libby Post نے کہا،** "اس فنڈنگ کو حقیقت کا روپ دینے پر، NYS حیواناتی تحفظ فیڈریشن کے ممبران، گورنر اور مقننہ کے بہت شکر گزار ہیں۔ ریاست بھر کی پناہ گاہوں میں ہم نے اس فنڈنگ کے براہ راست نتائج دیکھے ہیں۔ نئی عمارتیں، نئے ایئر ہینڈلنگ سسٹم، نئے کینلز اور بلیوں کے کونڈوز، نیا بنیادی ڈھانچہ جو بے گھر دوست جانوروں کو صحت مند رکھتا ہے تاکہ وہ گود لینے کے لیے تیار ہوں۔ COVID، انخلا اور معیشت کے اثرات کے علاوہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے جانوروں کے جرائم پر دی جانے والی بڑھتی ہوئی توجہ کی وجہ سے، ہماری پناہ گاہوں میں مزید جانور لائے جا رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں پناہ گاہوں پر دباؤ بڑھ گیا ہے لیکن اس سرمائے کی فنڈنگ سے بہت سے لوگ اپ گریڈ اور توسیع کا کام کر سکیں گے تاکہ ان جاری چیلنجوں سے نمٹا جائے۔"

**ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا،** "جانوروں کے لیے ہماری مقامی پناہ گاہیں، جانوروں کی نگہداشت میں محفوظ پناہ گاہ فراہم کرنے کے لیے بڑھ چڑھ کر کام کرتی ہیں، اور پھر بھی ہماری ریاست بھر میں بہت سے لوگوں کو بھاری سرمائے کی شدید ضرورت ہے تاکہ اپنی سہولت گاہوں کی توسیع اور اپ گریڈ کی جائے۔ یہ شدید ضروری بہتریاں لانے کے کام انجام دینے کی خاطر جانوروں کی پناہ گاہوں کی مدد کرنے میں، سرمایہ جاتی فنڈ اہم کردار ادا کرتا ہے، اور ریاستی بجٹ میں اس فنڈنگ کی وکالت کرنے پر مجھے فخر ہے۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے اس گرانٹ فنڈنگ کا تازہ ترین راؤنڈ ممکن بنایا ہے جس کے نتیجے میں پوری ریاست نیویارک میں جب جانور گود لیے جانے کے منتظر ہوں تو انہیں خوش اور صحت مند رکھنا ممکن ہو سکے۔"

**رکن اسمبلی Donna Lupardo نے کہا،** "دوست حیواناتی سرمایہ جاتی فنڈ سے ہمارے پناہ گاہ کے جانوروں اور ان کے نگہداشت کنندگان کے لیے زندگی کہیں آسان ہو گئی ہے۔ اس سال فنڈ شدہ پروجیکٹ کی مدد سے جانوروں کی صحت اور بہبود کو بہتر بنانے کے لیے سہولیات کو اپ گریڈ کیا جائے گا اور توسیع دی جائے گی جبکہ یہ جانور گود لیے جانے کے منتظر ہوں گے۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی کہ بروم کاؤنٹی میں میری اپنی مقامی پناہ گاہ کو فنڈز سے نوازا گیا ہے تاکہ دوست جانوروں کے لیے صحت مند جگہ اور مستقبل میں گود لینے والوں کے لیے خوش آئند ماحول فراہم کرتے ہوئے، وہ اپنے کام کو وسعت دے سکیں۔"

ریاست نیویارک حیواناتی تحفظ فیڈریشن کے مطابق، ہر سال 150,000 سے زائد جانوروں کو ان غیر منافع بخش اور میونسپلٹی کے زیرِ انتظام پناہ گاہوں اور انسان دوست سوسائٹیوں میں لایا جاتا ہے۔ ریاست نیویارک کا دوست حیواناتی سرمایہ جاتی فنڈ، مقامی کمیونٹیز کو پناہ گاہی خدمات کی مسلسل فراہمی، جانوروں کی بہتر دیکھ بھال کے فروغ، اور مزید ردوبدل میں سہولت پیدا کرنے کے سلسلے میں ان تنظیموں کے لیے معاون ثابت ہو گا۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418